قارئین بنام مدیر

افکار و تاثرات

- قرآنی قصص اور ٹی وی فلمیں
- قادیانی اور صدارتی آرڈیننس
- عرب امارات کی حق شناسی
- صوبہ سرحد کی عربی ادب تاریخ
- مکتوب دہلی
- معلمین دینیات و قراء سے بے انصافی
- ماہنامہ طیب دیوبند

قصص القرآن پر مبنی ٹی وی فلمیں | سعودی عرب کے ٹیلیویژن کی جانب سے "قصص القرآن" کے عنوان کے تحت ڈراموں اور کھیلوں کا ایک سلسلہ شروع ہوا ہے۔ نہ معلوم یہ سلسلہ کب سے جاری ہے۔ پاکستان میں جمعرات، رمضان المبارک کو ٹیلیویژن پر اس کی پہلی قسط "بنی اسرائیل" پر مبنی فلم پیش کی گئی ہے۔ جو سورت بنی اسرائیل کے واقعات کا جز بتائی گئی۔ بظاہر یہ سلسلہ بچوں کی تعلیم کے لئے ہے خاص طور پر اعلان کیا گیا کہ جامعہ ازہر مصر نے اس کی منظوری دی ہے وغیرہ۔

کیا یہ ایک نئی لعنت نہیں ہے کہ قرآن کریم کے قصوں اور قرآن کے بیان کردہ حالات پر فلمیں تیار ہونے لگیں اور یہ سب اس لئے جائز کر لیا جائے کہ ایک مسلمان ملک اس کو تیار کر رہا ہے دوسرا اس کی اجازت دے رہا ہے کہ یہ جائز ہے۔ قبل ازیں اسی اصول پر تیار شدہ فلم "پیغمبر" مسلم ممالک میں نمائش نہیں کی جاسکی کہ اس میں صحابہ کرام کے پارٹ کئے گئے تھے۔ حالاں کہ وہ فلم تاریخ پر مبنی تھی۔ قرآن و حدیث سے ربط نہیں بتایا گیا تھا۔

اور اب یہ سلسلہ "قصص القرآن" کے عنوان سے شروع ہوا ہے جب کہ "قصص الحدیث" یا تو پیشتر ہی تیار ہو چکے ہوں گے۔ یا اب نمبر آجائے گا۔ کیا یہ صورت جائز اور قابل عمل ہے۔ غور فرمایئے یقیناً اس کا آئندہ قدم صحابہ کرام اور پھر پیغمبروں اور فرشتوں کے واقعات پیش کرنے کی صورت میں ہوگا۔ اس سلسلے میں زبردست احتجاج اور تحریر و تقریر کے ذریعے اس فتنہ کو روکنے کی ضرورت ہے۔

۱۔ ایک مشترکہ استفتاء مرتب کیا جائے جس کی اشاعت عام ہو۔

۲۔ اخبارات اور رسائل میں شذرات اور مضامین کے ذریعے حکومت و عوام کو متوجہ کیا جائے۔

۳۔ متعلقہ حکام اور ٹیلیویژن کارپوریشن کو آگاہ کیا جائے کہ یہ سلسلہ ہمیشہ کے لئے بند کیا جائے۔

محمد منصور الزمان۔ صدیقی ٹرسٹ کراچی